حکومت پنجاب

FODDER RESEARCH INSTITUTE
SARGODHA

# برسیم کا گلاؤ

## (Stem & Crown Rot)

ڈاکٹر سلیم الیاسین - آفتاب احمد خان - محمد سلیم اختر - محمد شکیل حنیف



ادارہ تحقیق چارہ جات رسالہ نمبر 5 سرگودھا
048-3712653

# برسیم کا گلاؤ (Stem & Crown Rot)

برسیم کی فصل میں پودے کا گلاؤ ایک پھپھوندی کی وجہ سے ہوتا ہے جسے سکلیروٹینا ٹرائی فولیم (Sclerotinia trifolium) کہتے ہیں یہ بیماری پچھلے چند برسوں سے برسیم پر دیکھی گئی ہے اس بیماری کی ابتدا پتوں پر چھوٹے چھوٹے بھورے دھبوں کی شکل میں ہوتی ہے اور بعد ازاں پتوں کی رنگت سرمئی مائل سبز ہو جاتی ہے۔ پودے کے پتے کملا کر گلاؤ کا شکار ہو جاتے ہیں پودے کا تنا بھی اسی طرح تیزی سے گلاؤ کا شکار ہو جاتا ہے۔ چند دنوں میں پورا پودا گل جاتا ہے جس پر سفید پھپھوندی کی اس قدر افزائش ہو جاتی ہے کہ پودے کی بجائے صرف پھپھوندی ہی دکھائی دیتی ہے۔ پودے کی تمام تر خوراک استعمال کر چکنے کے بعد پھپھوندی سخت جان قسم کے ثمری مخزن پیدا کرتی ہے جنہیں اصطلاحاً سکلیروشیا (Sclerotia) کہتے ہیں۔ یہ سکلیروشیا پودے کے ارد گرد کی زمین پر گر جاتے ہیں موسمی حالات سازگار ہونے کی صورت میں سکلیروشیا دوبارہ متحرک ہو کر نہایت چھوٹی چھوٹی مٹیالے رنگ کی کھمبیاں بناتے ہیں جو بمشکل دکھائی دیتی ہیں ان کھمبیوں سے ایسکوسپور (Ascospore) پیدا ہوتے ہیں جن سے بیماری پھر آگے بڑھتی ہے۔ زمین کی ناقص تیاری سے پیدا ہونے والے غیر ہموار کھیت' درختوں کی چھاؤں یا کھیت میں زیادہ نمی' بے جا شرح بیج سے پودوں کی زیادہ تعداد' کھادوں کا غیر متناسب استعمال اور کٹائی کے بعد کٹے ہوئے پودے اور پتے وغیرہ گرے رہنے سے اس بیماری کو بڑھوتری ملتی ہے۔



## روک تھام اور تدارک

بیج کی شرح 6 تا 8 کلوگرام فی ایکڑ رکھیں اور کاشت سے پہلے بیج کو پھپھوندی کش زہر بحساب 2 تا 3 گرام فی کلوگرام بیج لگائیں۔ زمین میں صرف ایک دفعہ گہرے ہل سے مٹی پلٹنے سے بیماری کا حملہ کم ہوتا ہے کھیت میں جڑی بوٹیوں کی تلفی بالخصوص چوڑے پتوں والی بوٹیاں تلف کریں۔ فصل کی کٹائی میں زیادہ وقفہ نہ کریں اور گرے ہوئے پودوں اور پتوں کو چن لیں۔ شدید حملے کی صورت میں کٹائی کے بعد کاربنڈازیم بحساب 200 گرام فی ایکڑ 100 لیٹر پانی میں حل کر کے سپرے کریں اور دو ہفتے بعد کٹائی کریں۔